Roll No..........................

# MAUL-203

**Dastan, Drama, Novel & Afsana**

**(داستان،ڈرامہ،ناول اورافسانہ)**

Master of Arts (MA-12/16) URDU

Second Year, Examination, 2017

**Time : 3 Hours** **Max. Marks : 60**

نوٹ:۔ یہ پرچہ تین حصّوں ’الف‘، ’ب‘ اور ’ج‘ پر مشتمل ہے۔ تمام حصّوں کے سوالات کے جوابات ہدایت کے مطابق تحریر کیجئے۔

## (حصّہ الف)

مندرجۂ ذیل سوالات میں سے صرف دو سوالات کے مفصّل جوابات تحریر کیجئے۔ ہر سوال کے ۱۵ نمبر ہیں۔

۲×۱۵=۳۰

۱۔ درج ذیل میں سے کسی ایک اقتباس کی تشریح مع سیاق وسباق کیجئے۔





## (الف)

ایک دن، وہ بہن جو بجائے والدہ میری خاطر رکھتی تھی، کہنے لگی ”اے بیرن! تو میری آنکھوں کی پتلی اور ماں باپ کی موئی مٹی کی نشانی ہے۔ تیرے آنے سے میرا کلیجہ ٹھنڈا ہوا۔ جب تجھے دیکھتی ہوں باغ باغ ہوتی ہوں۔ تو نے مجھے نہال کیا، لیکن مردوں کو خدا نے کمانے کے لئے بنایا ہے۔ گھر میں بیٹھے رہنا ان کو لازم نہیں۔ جو مرد نکھٹّو ہو کر سیتا ہے۔ اس کو دنیا کے لوگ طعنہ مہنہ دیتے ہیں خصوصاً اس شہر کے آدمی، چھوٹے بڑے، بے سبب تمہارے رہنے پر کہیں گے، اپنے باپ کی دولت کھو کھا کر بہنوئی کے ٹکڑوں پر آپڑا۔ یہ نہایت بے غیرتی اور میری تمہاری جگ ہنسائی اور ماں باپ کے نام کو سبب لاج لگنے کا ہے۔ نہیں تو میں اپنے چمڑے کی جوتیاں بنا کر پہناؤں اور کلیجے میں ڈال کر رکھوں۔ اب یہ صلاح ہے کہ سفر کا قصد کرو۔ خدا چاہے تو دن پھریں“۔

(ب)

ہوری لاٹھی کندھے پر رکھ کر گھر سے نکلا تو دھنیا دروازے پر کھڑی ہوئی اسے دیر تک دیکھتی رہی۔ اس کے مایوسانہ الفاظ کے دھنیا کے چوٹ کھائے ہوئے دل میں ہلچل سی پیدا کر دی تھی۔ وہ گویا استری دھرم کی پوری تپسّیا کے ذریعہ اپنے شوہر کو بلاؤں سے بچائے رکھنے کی کوشش کر رہی تھی۔ اس کے دل سے گویا ایک گڑھ (حصار) سا نکل کر ہوری کو محصور کئے لیتا تھا۔ مصیبت کے اتھاہ سمندر میں صرف سہاگ ہی تنکا تھا جس کے سہارے وہ اسے پار کر رہی تھی۔ ہوری کے دل شکن الفاظ شاید سچ ہونے پر بھی گویا جھٹکا دے کر اس کے ہاتھ سے اس کمزور سہارے کو چھین لینا چاہتے تھے۔ بلکہ الفاظ کے سچ ہونے کا امکان ہی انہیں اتنا تکلیف دہ بنا رہا تھا''۔

۲۔ پریم چند کا مرتبہ بحیثیت افسانہ نگار متعین کیجیے۔





۳۔ امتیاز علی تاج یا محمد مجیب میں سے کسی ایک کی ڈرامہ نگاری کے امتیازی اوصاف بتائیے۔

۴۔ عصمت چغتائی یا راجندر سنگھ بیدی کے فن افسانہ نگاری پر ایک جامع مضمون لکھئے۔

(حصّہ ب)

درج ذیل سوالات میں سے کسی چار سوالات کے جوابات دیجئے۔ ہر سوال کے ۵ نمبر ہیں۔ ۴×۵=۲۰

۱۔ ''گئو دان'' میں گوبر کے کردار پر روشنی ڈالئے۔

۲۔ صنفِ ناول میں پس منظر یا فضا آفرینی کی اہمیت بتائیے۔

۳۔ ڈرامہ ''سلور کنگ'' کا موضوع بتائیے۔

۴۔ ناول ''امراؤ جان ادا'' میں خانم یا گوہر مرزا کے کردار کی وضاحت کیجئے۔

۵۔ ''کالو بھنگی'' یا ''آنندی'' میں سے کسی ایک کا مختصر مگر جامع جائزہ لیجئے۔

۶۔ داستان کے اجزائے ترکیبی میں ''مکالمات'' کی نوعیت کیا ہوتی ہے؟

۷۔ عصمت چغتائی کے افسانہ ''چوتھی کا جوڑا'' کا جائزہ لیجئے۔

۸۔ ''چاندنی بیگم'' یا ''مراۃ العروس'' کے کسی ایک کردار پر ایک نوٹ لکھئے۔

## (حصّہ ج)

درج ذیل سبھی دس(۱۰) معروضی سوالات کے صحیح جوابات متبادل چن کر لکھئے۔ ہر سوال ۱نمبر کا ہے۔

۱۰=۱۰×۱

۱۔ ''آخری آدمی'' کس کی تخلیق ہے؟

(الف) علی عباس حسینی

(ب) کرشن چندر

(ج) انتظار حسین

(د) غلام عباس





۲۔ جھنیا کس ناول کا کردار ہے؟

(الف) غبن

(ب) گؤدان

(ج) میدان عمل

(د) نرملا

۳۔ ''سب رس'' کے مصنف کا نام بتائیے؟

(الف) ملاّ محمد نصرت نصرتی

(ب) ملاّ نصیرالدین

(ج) ملاّ وجہی

(د) ملاّ رموزی

۴۔ درج ذیل ناولوں میں سے کون سا ناول قرۃ العین حیدر کا تخلیق کردہ نہیں ہے؟

(الف) آگ کا دریا

(ب) میدان عمل

(ج) چاندنی بیگم

(د) کار جہاں دراز ہے

۵۔ مندرجۂ ذیل میں سے سعادت حسن منٹو کا افسانہ کون سا ہے؟

(الف) لاجونتی

(ب) بڑے گھر کی بیٹی

(ج) ٹوبہ ٹیک سنگھ

(د) کالو بھنگی

۶۔ پروفیسر محمد مجیب کا ڈرامہ ہے؟

(الف) خوبصورت بلا

(ب) ضحاک

(ج) آگرہ بازار

(د) خانہ جنگی

۷۔ ''اندر سبھا'' کیا ہے؟

(الف) ناول

(ب) افسانہ

(ج) ڈرامہ

(د) داستان





۸۔ مندرجہ ذیل ناولوں میں کون سا مولوی نذیر احمد کا تخلیق کردہ نہیں ہے؟

(الف) اہم خرمہ وہم ثواب

(ب) ایامیٰ

(ج) رویائے صادقہ

(د) ابن الوقت

۹۔ میر امّن کی تصنیف کون سی ہے؟

(الف) آرائش محفل

(ب) طوطا کہانی

(ج) کربل کتھا

(د) گنج خوبی

۱۰۔ ''لاجونتی'' کس کا افسانہ ہے؟

(الف) کرشن چندر

(ب) راجندر سنگھ بیدی

(ج) پریم چند

(د) رام لعل